# 40472 ـ ٹيلى ويژن اور ويڈيو صحيح كرنے كا حكم

## سوال

ميں ٹيلى ويژن اور ويڈيو صحيح كرتا ہوں، اور اسى طرح ڈشيں بھى نصب كرتا اور سارے چينل سيٹ كرتا ہوں، تو كيا يہ آلے استعمال كر كے گانے اور موسيقى سننے اور فلميں ديكھنے والوں كے گناہ ميں ميں بھى شريك ہوں ؟

## پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

فرمان بارى تعالى ہے:

اور تم نيكى و بھلائى كے كاموں ميں ايك دوسرے كا تعاون كرتے رہو، اور گناہ و معصيت اور ظلم و زيادتى ميں ايك دوسرے كا تعاون مت كرو المائدۃ ( 2 ).

اور آپ كا ٹيلى ويژن، ويڈيو، صحيح كرنا، اور ڈشيں لگانا، اور پھر ان كے مالكوں كا برائى اور منكرات كا مشاہدہ كرنے ميں معاونت ہے، حالانكہ نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" جو كوئى بھى ہدايت كى طرف راہنمائى كرے اسے اس پر چلنے والے جتنا ہى اجر و ثواب حاصل ہوتا ہے، ان كے اجروثواب ميں كچھ كمى نہيں كى جاتى، اور جو كوئى بھى گمراہى اور ضلالت كى دعوت دے اسے اس كى پيروى كرنے والے جتنا ہى گناہ ہوتا ہے، ان كے گناہ ميں كچھ كمى نہيں كى جاتى "

صحيح مسلم شريف حديث نمبر ( 2674 ).

لھذا آپ كے ليے يہ كام كرنا جائز نہيں، بہتر يہى ہے كہ آپ كوئى اور كام تلاش كريں، اور يہ ياد ركھيں كہ اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے:

اور جو كوئى اللہ تعالى كا تقوى اختيار كرتا ہے اللہ تعالى اس كے ليے نكلنے كى راہ بنا ديتا ہے، اور اسے رزق بھى وہاں سے مہيا كرتا ہے جہاں سے اسے گمان بھى نہيں ہوتا الطلاق ( 2 ـ 3 ).

مستقل فتوى كيمٹى سے مندرجہ ذيل سوال كيا گيا:

ميں الكيٹرك انجينئر ہوں، ميرا كام ريڈيو، ٹيلى فون، اور ويڈيو وغيرہ صحيح كرنا ہے، مجھے فتوى ديں كہ آيا ميں يہ

کام جاری رکھوں یا نہ؟

یہ علم میں رکھیں کہ یہ کام چھوڑنے کی بنا پر مجھے بہت زیادہ نقصان ہو گا، اور میرا سارا تجربہ جو میں نے اپنی زندگی میں سیکھا ہے وہ سب ضائع ہو جائے گا، اور اسے چھوڑنے میں بہت ضرر بھی ہو گا ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

کتاب و سنت کے شرعی دلائل اس پر دلالت کرتے ہیں کہ مسلمان شخص پر حلال اور پاکیزہ کمائی کرنے کی حرص رکھنا واجب اور ضروری ہے، لھذا آپ کوئی ایسا کام تلاش کریں جس کی کمائی اچھی اور پاکیزہ ہو.

اور جو کام آپ نے ذکر کیا ہے اس کی کمائی کے متعلق گزارش ہے کہ یہ طیب و پاکیزہ نہیں؛ کیونکہ یہ اشیاء غالبا حرام کاموں میں ہی استعمال کی جاتی ہیں. اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 14 / 420 ).

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 39744 ) کا جواب ضرور دیکھیں.

واللہ اعلم .